ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ اور ٹاؤن میونسپل کمشنر احمد یار انچارج اینٹی انکروچمنٹ سیل سہیل یار خان کے ساتھ گڈاپ ٹاؤن ہیٹ اسٹروک کے مختلف کیمپوں کا وزٹ کرتے ہوئے۔

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 19/05/2024　　　　حوالہ نمبر TMC/G/INF/051/24

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ ٹاؤن کے چیئر مین طارق عزیز بلوچ کی خصوصی ھدایت پر ہیٹ اسٹروک کے سلسلے میں سبیل کے کیمپس لگائے گئے ہیں یہ کیمپ گڈاپ ٹاؤن کی تمام یو سیز جس میں مین سپر ہائی وے، گڈاپ سٹی، کاٹھوڑ مین بازار، میمن گوٹھ مین بازار، کوہی گوٹھ، گھگھر مین اسٹاپ، گلشن حدید، پپری مین روڈ شامل ہیں، چیئر مین طارق عزیز بلوچ، ٹاؤن میونسپل کمشنر احمد یار اور انچارج اینٹی انکروچمنٹ سیل سہیل یار خان، پارلیمانی لیڈر اور کونسل ممبر میر عباس ٹالپور کے ساتھ مختلف کیمپوں کا وزٹ کیا اور چیئر مین نے کہا کہ اس وقت پاکستان بھر میں گرمیوں کا موسم ہے گرم دنوں میں ہواؤں کے بند ہونے کی وجہ سے ہیٹ اسٹروک ہونے کے امکانات بھی بڑھ گئے ہیں عام طور پر انسان کو سخت گرمیوں کے موسم میں گرم ہواؤں کے چلنے اور سورج کی تپش کی وجہ سے انسان کا درجہ حرارت بڑھ جاتا ہے، جس سے وہ شخص ہیٹ اسٹروک سے متاثر ہوتا ہے اس حالت میں قریبی ہیٹ اسٹروک کے کیمپ میں جا کر ٹھنڈا پانی یا شربت پینا چاہیے اور ہیلتھ سینٹر سے ہنگامی فرسٹ ایڈ لینی چاہیے، ٹاؤن میونسپل کمشنر احمد یار نے کہا کہ گورنمنٹ کے آرڈر کے مطابق ہم نے گڈاپ ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں ہیٹ اسٹروک کے کیمپس لگوادیے ہیں، اور گڈاپ ٹاؤن کے ملازمین اس گرمی اور ہیٹ اسٹروک میں اپنی ڈیوٹی کا انجام دے رہے ہیں، وائس چیئر مین جام محمد جوکھیو نے اپنے پیغام میں کہا کہ ہمارے بزرگ لوگ کو اگر ضروی کام ہے تو باہر نکلے ورنہ گھر میں رہے اور گرمی میں پانی کا استعمال وقفے وقفے سے کرتے رہیں اس ہیٹ اسٹروک کے موقع پر گڈاپ ٹاؤن کی عوام کے لیے تمام یو سیز میں ہیٹ اسٹروک کے کیمپس لگائے گئے ہیں تا کہ عوام زیادہ سے زیادہ اس سے مستفید ہوں۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ